
jazzcash.com.pk /jazzcash
051 111124 444 | 4444 helpline
Mobilink Microfinance Bank
JazzCash
JazzCash صحت سہولت
رکھے آپ کا خیال ہر پل
Powered by
MICROENSURE
dunya ko
bataa do

## JazzCash صحت سہولت

صحت سے متعلق اخراجات اوراس کے ایک عام آدمی کے بجٹ پر اثرات سے کون واقف نہیں۔ ایک تحقیق کے مطابق بیماری یا حادثہ نہ صرف علاج معالجے کی مد میں بلکہ کام سے دوری کی وجہ سے بھی ایک عام آدمی کی آمدنی پر خاطر خواہ اثرات مرتب کرتا ہے۔ ان ناگہانی مالی معاملات سے نبرد آزما ہونے کے لئے اکثر افراد اپنے قیمتی اثاثہ جات فروخت کرتے ہیں یا قرض کے بوجھ تلے آجاتے ہیں۔ آپ کی ان ہی ضروریات کے پیشِ نظر، JazzCash لایا JazzCash صحت سہولت!

## JazzCash صحت سہولت سے آپ کو کیا فائدے مل سکتے ہیں؟

JazzCash کے تحت آپ کو درج ذیل مالی فوائد حاصل ہوتے ہیں:

1- اگر آپ ہسپتال میں کسی بیماری یا حادثہ کی وجہ سے داخل ہوتے ہیں اور کم از کم ایک دن (24 گھنٹے) گزارتے ہیں تو ہر ایک دن کے عوض آپ کو 1000 روپے ادا کئے جائیں گے۔ انتہائی نگہداشت کے شعبے میں داخلے کی صورت میں 2000 روپے یومیہ ادا کئے جائیں گے۔

2- اگر آپ خدانخواستہ کسی حادثے میں زخمی ہو کر ہسپتال داخل ہوتے ہیں، تو نہ صرف ہسپتال میں داخلے کا فی دن فائدہ ادا کیا جائے گا بلکہ علاج معالجے پر پیش آنے والے اصل اخراجات کی واپسی، رسیدیں فراہم کرنے پر کر دی جائے گی۔

## JazzCash صحت سہولت سے کون فائدہ اُٹھا سکتا ہے؟

تمام ایسے لوگ جن کی عمر 18 سے 65 سال کے درمیان ہے، معمولی فیس کی ادائیگی کے بعد JazzCash صحت سہولت سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔ ایک پالیسی ایک فرد کو کور کرتی ہے۔

## میری کوریج کب شروع ہوگی؟

JazzCash کی طرف سے تصدیقی SMS موصول ہوتے ہیں JazzCash صحت سہولت کے تحت آپ کی ہیلتھ کوریج کا آغاز ہو جائے گا۔ تاہم صرف بیماری کی صورت میں ہسپتال میں داخلے کے لئے 15 دن کی مدت انتظار کا اطلاق ہوگا۔ حادثات کی صورت میں ہسپتال میں داخلے پر یہ پابندی لاگو نہیں ہوگی۔

## کیا میں بھی ہسپتال جا سکتا ہوں؟

جی ہاں! اس سہولت میں پینل ہسپتال کی قید نہیں ہے۔ آپ علاج کے لئے پاکستان بھر میں کسی بھی رجسٹرڈ ہسپتال سے رجوع کر سکتے ہیں۔ رجسٹرڈ ہسپتال کا مطلب ایک ایسا ادارہ ہے:

- جو پاکستانی قوانین کے مطابق علاج کی سہولت فراہم کرنے کا لائسنس رکھتا ہو۔
- جہاں ڈائیگنوسٹک اور لیبارٹری ٹیسٹ، طبی، تشخیص، علاج معالجے اور سرجیکل کی بنیادی سہولیات دستیاب ہوں۔
- جہاں ان ہاؤس فزیشن انچارج کی زیرِ نگرانی 24 گھنٹے رجسٹرڈ گریجویٹ نرسز پر مشتمل نرسنگ سروس دستیاب ہو۔
- جہاں باقاعدہ دستاویزی ضابطے اور طریقہ کار کے تحت مریض کو مناسب طبی سہولیات فراہم کی جاتی ہوں۔
- جہاں روزانہ کی بنیاد پر ہر مریض کا میڈیکل ریکارڈ رکھا جاتا ہو اور انشورنس کمپنی کے لئے ریکارڈ تک رسائی آسان ہو۔

dunya ko bataa do

## کسی کلینک میں داخلے کی صورت میں مجھے کوئی فائدہ حاصل ہوگا؟

کلینک میں داخلہ، ہسپتال میں داخلہ تصور نہیں کیا جائے گا اور آپ ہسپتال میں داخلے کا فائدہ حاصل نہیں کرسکیں گے۔ تاہم حادثے کی صورت میں کلینک میں پیش آنے والے اخراجات کی رسیدیں فراہم کرکے، صرف خرچے کی واپسی کا کلیم کیا جاسکتا ہے۔

## JazzCash صحت سہولت کی فیس کیا ہے؟

کوریج کی فیس 999 روپے سالانہ ہے، JazzCash صحت سہولت کے تحت ہیلتھ کوریج کا آغاز اس فیس کی ادائیگی کے بعد شروع ہوتا ہے۔

## اس کے فوائد کی حدود کیا ہیں؟

ہسپتال میں ایک داخلہ کی کوریج زیادہ سے زیادہ 30 دن تک ہے۔ جب کہ پورے سال ہسپتال میں داخلوں کی زیادہ سے زیادہ کی کوئی حد نہیں ہے۔ حادثے کی صورت میں علاج کے اخراجات کی واپسی کی حد 30,000 روپے ہے۔ یہ حدود ایک سال کی پالیسی مدت پر لاگو ہیں۔

## JazzCash صحت سہولت میں میری کوریج کب ختم ہوگی؟

آپ کی کوریج درج ذیل کسی ایک بھی صورت میں ختم ہوجائے گی:

- جب آپ 65 سال کے ہوجائیں گے۔
- جب آپ آئندہ سال کیلئے JazzCash صحت سہولت پلان کا پریمیم ادا نہیں کریں گے۔
- جب آپ JazzCash صحت سہولت کے تحت جعلی کلیم داخل کریں گے۔

## کیا میں ایک سے زیادہ پالیسیاں حاصل کرسکتا ہوں؟

ایک شناختی کارڈ پر صرف ایک پالیسی حاصل کرنے کی اجازت ہے۔

## اگر JazzCash صحت سہولت سے متعلق کوئی سوال پوچھنا ہو تو مجھے کس سے رابطہ کرنا ہوگا؟

JazzCash صحت سہولت سے متعلق کوئی بھی سوال پوچھنے کے لئے JazzCash ہیلپ لائن 4444 پر کال کریں۔

## کلیم کا طریقہ کیا ہے؟

کلیم کا طریقہ بہت آسان ہے۔ اگر آپ کو ہسپتال میں داخل ہونا پڑ جائے تو درج ذیل ہدایت پر عمل کریں:

- ہسپتال میں قیام سے متعلق ہیلپ لائن 051-8466466 پر اطلاع دیں۔ یہ اطلاع آپ کے ساتھ موجود کوئی رشتے دار بھی دے سکتا ہے۔
- جب آپ ہسپتال سے ڈسچارج ہوں تو کلیمز ہیلپ لائن پر اطلاع دیں۔ ہمارا نمائندہ کلیم کرنے میں آپ کی رہنمائی کرے گا۔ کلیم کی ادائیگی کے لئے ضروری ہے کہ یہ اطلاع ہسپتال سے اخراج کے 15 یوم تک کردی جائے۔

کلیم داخل کرتے ہوئے مندرجہ ذیل دستاویزات فراہم کریں:

- ہسپتال کا ریکارڈ جس میں تاریخ داخلہ، تاریخ رخصت، تشخیص اور علاج کی تفصیلات درج ہوں۔
- اپنے شناختی کارڈ کی کاپی
- اپنے ڈاکٹر کا جاری کردہ سرٹیفکیٹ

dunya ko bataa do

- کلیم فارم جس پر آپ دستخط کریں گے
- حادثے، تشدد اور اقدام خودکشی کے نتیجے میں ہسپتال میں داخل ہونے پر پولیس اور میڈیکولیگل رپورٹ درکار ہوگی۔
- حادثے کی صورت میں، علاج کے اخراجات کی رسیدیں اور ہسپتال اور ڈاکٹر کے نسخہ جات

آپ کا کلیم مکمل دستاویزات جمع کروانے کے 5 کاروباری دنوں (وہ دن جن میں بینک کھلے ہوں) میں ادا کر دیا جائے گا۔ کلیم کی رقم بذریعہ JazzCash موبائل اکاؤنٹ، منی ٹرانسفر یا چیک ادا کی جائے گی۔ ادائیگی کے لئے ضروری ہے کہ مکمل دستاویزات ہسپتال سے اخراج کے 15 دن کے اندر فراہم کر دی جائیں۔

- **اگر میں JazzCash صحت سہولت منسوخ کروانا چاہوں تو مجھے کیا کرنا ہوگا؟**

آپ JazzCash صحت سہولت کی فیس کی ادائیگی کے 14 دنوں کے اندر اپنے موبائل فون سے 4444 پر کال کر کے یہ سہولت ختم کروا سکتے ہیں۔ اگر آپ نے کلیم داخل نہ کیا ہو تو آپ کو فیس کی مکمل رقم واپس کر دی جائے گی۔

## کن صورتوں میں کلیم ادا نہیں کیا جائے گا؟

- اگر کلیم کسی ایسی بیماری یا حادثے کی وجہ سے کیا جائے جو JazzCash صحت سہولت لینے سے پہلے موجود تھی۔
- حمل، زچگی اور ان سے منسلک کسی پیچیدگی کی صورت میں
- حادثے کی صورت میں، اگر 30,000 روپے اخراجات کی مد میں ادا کئے جا چکے ہوں تو مزید اخراجات کا کلیم ادا نہیں کیا جائے گا۔
- اقدام خودکشی، دانستہ یا نادانستہ خود کو زخمی کرنے کی صورت میں
- منشیات کا استعمال، شراب نوشی اور زہر خورانی
- 30 دن تک ہسپتال میں داخل رہنے کی صورت میں دوبارہ انہی وجوہات کے نتیجے میں ہسپتال میں داخلے کے کلیم پر 30 دن کے ویٹنگ پیریڈ کا اطلاق ہوگا۔

- **میں JazzCash صحت سہولت کے تحت شکایت کس طرح کر سکتا ہوں؟**

آپ 4444 پر کال کر کے شکایت درج کروا سکتے ہیں۔

## ضروری معلومات

Mobilink مائیکروفنانس بینک اور JazzCash، JazzCash صحت سہولت کے ڈسٹری بیوٹر ہیں۔ صارفین کے کلیم کی ادائیگی ان کی ذمہ داری نہیں ہے۔

مائیکروانشور پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ، JazzCash صحت سہولت کے انتظامی امور میں سروسز فراہم کر رہا ہے۔

EFU لائف اشورنس لمیٹڈ JazzCash صحت سہولت کی بیمہ کمپنی ہے اور کلیم کی ادائیگی کے لئے ذمہ دار ہے۔ EFU لائف اشورنس لمیٹڈ کا پتہ ہے:

37-K، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، کراچی 75400، ٹیلی فون نمبر 021-111338111

efu LIFE Zaroori Hai

dunya ko bataa do